**31.04.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ کل لوک سبھا انتخابات کے آخری دور کیلئے تمام تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ کل 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر، کانگریس رہنما وکرما دتیہ سنگھ اور TMC رہنما ابھیشک بنرجی کی سیاسی قسمت الیکٹرانک ووٹنگ مشین میں بند ہوجائے گی۔

☆ ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں میں گرمی کی شدت میں کوئی کمی نہیں آئی ہے، جس کی وجہ سے اڈیشہ اور بہار میں کئی لوگوں کی جانیں تلف ہوگئی ہیں۔

☆ منی پور میں اچانک سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں۔ 3 افراد ہلاک ہوئے ہیں اور ایک لاکھ 88 ہزار سے زیادہ افراد پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔

☆ اور...... امریکہ نے یوکرین کو روس کے اندر کچھ نشانوں پر اپنے ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

### LS Election - Seven Phase

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی کل ہونے والی پولنگ کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ کل آخری مرحلے میں 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں 57 پارلیمانی حلقوں کیلئے ووٹ ڈالے

جائیں گے۔

اِس مرحلے میں جن سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے، اُن میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اوڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں 4، جھارکھنڈ میں 3 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ شامل ہے۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی۔

سرکردہ امیدواروں میں BJP کے لیڈر نریندر مودی اور انوراگ ٹھاکر، کانگریس کے وِکرما دتیہ سنگھ اور ترنمول کانگریس کے ابھیشیک بینرجی شامل ہیں۔

انتخابی کمیشن نے اِن حلقوں میں شفاف انداز سے خوش اسلوبی کے ساتھ ووٹنگ کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

مختلف ریاستوں کے اعلیٰ انتخابی افسروں، ضلع چناؤ افسروں اور ریاستی مشینری کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ تیز گرمی کے حالات کے مدنظر مناسب اقدامات کریں۔ کسی بھی طرح کے ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کیلئے سکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔x

## IT Election

انکم ٹیکس کے محکمے نے حالیہ لوک سبھا انتخابات کے دوران ایک ہزار 100 کروڑ روپے نقد اور زیورات کو قبضے میں لیا جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق 2019 کے عام انتخابات میں 390 کروڑ روپے پکڑے گئے تھے اور اُس کے مقابلے میں اِس بار پکڑی گئی نقد رقم میں 182 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ x

## Odisha Heatwave

اڈیشہ کے بیشتر حصوں میں شدید گرم لہر کے سبب سندر گڑھ ضلع میں 17 افراد کی موت ہوگئی ہے۔ شبہ ہے کہ یہ اموات لُو لگنے سے ہوئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق کل دوپہر تک محض چھ گھنٹے کے وقفے میں راؤڑکیلا سرکاری اسپتال میں 10 افراد کی موت ہوگئی۔ سندر گڑھ ضلع صدر دفتر اسپتال میں لُو لگنے سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ اڈیشہ سخت گرمی کے حالات کی گرفت میں ہے۔ x

## Bihar Heat Stroke Death

بہار میں لُو چلنے کی وجہ سے 29 افرادکی موت اور دوسوسے زیادہ بیمار پڑگئے ہیں۔سرکاری ذرائع نے کہا کہ یہ اموات پچھلے چوبیس گھنٹے میں ہوئی ہیں۔جمعرات کوریاست کے متعدد ضلعوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 47 ڈگری تھا۔ ریاستی حکومت نے شدیدگرمی کے پیش نظر اسکول، آنگن واڑی اور کوچنگ انسٹی ٹیوٹ آٹھ جون تک بند رکھنے کا

اعلان کیا ہے۔تاہم اسکول ٹیچرس کو کسی قسم کی راحت نہیں دی گئی ہے اور انہیں ڈیوٹی پر رہنے کی ہدایت دی گئی ہے جبکہ بہت سے ٹیچرس شدیدگرمی اور لُو کے باعث اسکولوں میں بیمار اور بیہوش ہوگئے تھے۔ اساتذہ کی تنظیموں نے شدید گرمی کے موسم میں ان کے لئے اسکول کھلے رہنے کی مخالفت کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے 24 گھنٹوں میں ریاست کے جنوب مغربی اور جنوب وسطی خطوں میں شدید گرمی پڑنے کی پیش گوئی کی ہے۔ پچھلے 48 گھنٹوں میں ریاست کے شمالی اور مشرقی حصوں میں مانسون سے پہلے کی بارش نے شدیدگرمی سے کچھ راحت پہنچائی ہے۔xx

## RML Heatwave

قومی راجدھانی میں شدید گرمی کے پیش نظر دلّی کے رام منوہر لوہیا اسپتال، RML میں لُو لگنے سے بیمار ہوئے مریضوں کیلئے ایک خصوصی Red Zone قائم کیا گیا ہے۔ RML کی ایمرجنسی میڈیسن ہیڈ ڈاکٹر سیما بال کرشنا واسنک نے کہا کہ Red Zone میں برف اور پانی سے بھرے inflatable Tubs ہیں، جن کی مدد سے مریض کے درجۂ حرارت کو تیزی کے ساتھ کام کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایسے مریض، جن کی حالت نازک ہے، انھیں وینٹی لیٹر پر رکھ کر ان کا فوری علاج کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر واسنک نے کہا کہ ایسے مریض جن کو لُو لگ گئی ہے، ان کا علاج بہت اہم ہے کیونکہ اس سے اموات کو روکا جاسکتا ہے۔

دلّی حکومت نے بھی شہر کے تمام 26 سرکاری اسپتالوں میں لُو لگنے والے مریضوں کیلئے دو بیڈ ریزرو رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

لوک نائک جے پرکاس اسپتال میں بھی گرمی کے ستائے مریضوں کے لئے پانچ بیڈ مخصوص رکھے گئے ہیں۔

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے قومی راجدھانی دلّی میں ریکارڈ درجۂ حرارت درج کیا ہے۔ سب سے زیادہ Mungeshpur میں 49 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا ہے۔ x

## Manipur Flash Flood

منی پور میں آنے والے اچانک سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں اور امپھال شہر سیلاب سے بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ سیلاب سے وابستہ مختلف واقعات میں اب تک 3 افراد کی جانیں جاچکی ہیں اور ایک شخص لاپتہ بتایا جاتا ہے۔ فوج اور مرکزی فوجی دستوں کے جوان امدادی کام میں لگے ہوئے ہیں اور متاثرہ کنبے امدادی کیمپوں میں پناہ لے رہے ہیں۔ ریاست کے آبی وسائل کے وزیر نے بتایا ہے کہ اچانک سیلاب سے ایک لاکھ 88 ہزار سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور امپھال شہر کے بڑی سڑکوں پر بھی پانی پھیل گیا ہے۔ سرکار نے متاثرہ کنبوں کو ضروری اشیاء فراہم کرنے کی غرض سے 56 امدادی کیمپ کھولے ہیں۔

وزیر اعلیٰ این بریندر سنگھ نے کل رات وزیروں اور اعلیٰ حکام کی ایک میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیا۔ انھوں نے امپھال شہر میں جاری امدادی کارروائیوں کا بھی معائنہ کیا۔ x

**IMD - Heatwave**

بھارتی موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ شمال مغربی اور وسطی بھارت میں شدید گرمی کا زور آج سے رفتہ رفتہ کم ہونا شروع ہوجائے گا۔ اِن خطوں میں پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان، اترپردیش، بہار، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ کے بعض حصے شامل ہیں۔ اگلے چار دن کے دوران شمال مغربی اور وسطی بھارت میں دن کے درجۂ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سیلسیس تک گراوٹ آنے کی امید ہے۔

اِدھر موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کیرالہ اور شمال مشرقی بھارت کے بیشتر حصوں میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ ×

**Delhi Court**

دلی کی ایک عدالت نے نوزائدہ بچوں کی دیکھ ریکھ کے اسپتال Bay Care New Born اسپتال، جہاں حال ہی میں آگ لگنے کے ایک واقعے میں سات بچوں کی موت ہوگئی تھی۔اس کے مالک اور ساتھی ملزم کو چودہ دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ اس نجی اسپتال کے مالک ڈاکٹر نوین کھچی اور ان کا ایک ملازم جو حادثے کے وقت ڈیوٹی پر تھا، انہیں گرفتار کرلیا گیا تھا۔ ملازم کو بھی چودہ دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔ اس دوران نوین کھچی نے ضمانت کی درخواست داخل کی ہے، جس کی سنوائی تین جون کو ہوگی۔ آگ لگنے کے واقعے کی پولیس چھان بین سے انکشاف ہوا ہے کہ اسپتال کے ڈاکٹرز، نوزائدہ بچوں کے علاج کے ماہرین نہیں تھے، جنہیں انتہائی طبی نگہداشت کی ضرورت تھی۔ یہ ڈاکٹرز BAMS ڈگری یافتہ ہیں۔

پولیس کے مطابق اسپتال میں بارہ نومولود بچے داخل تھے اور ایک بچے کی آگ لگنے سے پہلے ہی موت واقع ہوگئی تھی۔ سبھی نوزائدہ بچوں کو مقامی لوگوں کی مدد سے اسپتال سے بحفاظت نکال لیا گیا تھا ایسٹ دلی ایڈوانس NICU اسپتال میں منتقل کردیا گیا تھا۔ آگ بجھانے کے محکمے کے سربراہ اتل گرگ نے کہا کہ سات بچوں کو مردہ قراردیا گیا تھا جبکہ پانچ نومولود بچے زیرعلاج ہیں۔××

**Delhi Court Bibhave Kumar**

دلّی ہائی کورٹ نے دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کے قریبی معاون Bibhav کمار کی درخواست کو اُس

roster بینچ کے حوالے کر دیا ہے، جو اراکینِ پارلیمنٹ اور اراکینِ اسمبلی سے متعلق معاملات کی سماعت کرتی ہے۔ Bibhav کمار کو سواتی مالی وال پر حملے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے اور انھوں نے اپنی گرفتاری کو چیلنج کیا ہے۔ امید ہے کہ جسٹس Swarana kanta شرما آج بعد میں اُن کی درخواست کی سماعت کریں گی۔

کمار نے اپنی درخواست میں ہائی کورٹ پر زور دیا ہے کہ اُن کی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیا جائے کیونکہ حکام نے سپریم کورٹ کی طرف سے مقرر کردہ قانونی معیارات کی پابندی نہیں کی۔ پیر کو دلّی کی ایک عدالت نے کمار کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی تھی اور اب وہ عدالتی تحویل میں ہیں۔x

## US Weapons

امریکہ کے صدر جوبائیڈن کی انتظامیہ نے یوکرین کو اِس بات کی اجازت دے دی ہے کہ وہ امریکہ کی طرف سے مہیا کردہ ہتھیاروں کو روس کے اندر بعض علاقوں میں استعمال کرسکتا ہے۔ ذرائع ابلاغ کی خبروں میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ نے کیف کو یوکرین کے مشرقی Kharkiv خطے میں روس کی سرحد کے پاس اور جوابی کارروائی کیلئے امریکہ کے اِن ہتھیاروں کے استعمال کی اجازت دی ہے۔ البتہ روس کے اندرونی علاقوں میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیاروں کے سلسلے میں امریکہ کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور یوکرین کو روس کے اندر حملے کی غرض سے امریکی ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی ہے۔ x

## Sri Lanka Russia

سری لنکا نے روس پر زور دیا ہے کہ وہ سری لنکا کے سابق فوجیوں کو یوکرین کے خلاف فوجی کارروائی کیلئے بھیجنا فوری طور پر بند کردے۔ سری لنکا کے سابق فوجی اِس وقت وہاں کرایے کے فوجیوں کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ سری لنکا کے امور خارجہ کے وزیر Tharaka Balasuriya نے کہا ہے کہ سرکار نے اِس سلسلے میں روس سے باضابطہ درخواست کی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ جب تک روس کے سفارتکاروں اور سری لنکا کی وزارت دفاع کے اہلکاروں کے درمیان میٹنگ نہیں ہوجاتی، سری لنکا کے سابق فوجیوں کو یوکرین میں کارروائی کیلئے نہیں بھیجا جائے۔ دونوں ملکوں کے حکام کے درمیان ماسکو میں اگلے مہینے کی 5 سے 6 تاریخ تک میٹنگ ہوگی۔ x

## UK US Mouthi Opration

انگلینڈ اور امریکی فوجیوں نے جنوری سے اب تک یمن میں حوثی ٹھکانوں پر پانچویں مشترکہ کارروائی انجام دی۔ انگلینڈ کی وزارت دفاع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ حوثی باغیوں کے ذریعہ بحیرہ احمر اور خلیج عدن سے

گزرنے والے مختلف ملکوں کے بحری جہازوں پر حملوں کے خلاف جوابی کارروائی کے حصے کے طور پر حوثیوں کے خلاف جمعہ کو یہ مشترکہ کارروائی کی گئی۔ وزارت دفاع نے کہا کہ خفیہ ایجنسی نے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ Hudaydah کے نزدیک دو مقامات بحری جہازوں پر حملوں میں شامل رہے ہیں۔ ان مقامات پر واقع دو عمارتوں کی نشاندہی کی گئی، جہاں وسیع فاصلے تک کارروائی کرنے والے ڈرونس رکھے جارہے تھے۔ خطے میں بحری جہازوں کی حفاظت کے مقصد سے مشترکہ کارروائیوں کو تیز کرنے کے لئے زمین سے فضا میں وار کرنے والے ہتھیاروں کا بھی استعمال کیا گیا۔

یمنی ساحل سے مزید جنوب میں واقع Ghulay Fiqah کے مقام پر حوثی ٹھکانوں کی بھی نشاندہی کی گئی، جہاں سے باغی گروپ کے ذریعہ بحری جہازوں حملوں کی کمان اورکنٹرول سنبھالا جاتا تھا۔××

## Amit Shah Tirupati Visit

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے اپنے خاندان کے اراکین کے ساتھ آج Tirumala مندر کے درشن کئے۔ ان کا خیرمقدم مندرکے انتظامیہ کے سربراہ اور پجاری دھرما ریڈی اور دیگر حکام نے کیا اور انہیں بھگوان شری وینکٹیشور کے VIP درشن اور پوجا کے لئے لے جایا گیا۔اس کے بعدجناب امت شاہ کو Ranganaya Kula میں وید علوم کے ماہرین کی ایک ٹیم نے Vedasirvachanan پیش کیا۔ مندرانتظامیہ کے حکام نے انہیں Tirtha Prasadam اور اعزاز سے بھی نوازا۔××

## J&K Gunfire

جموں وکشمیر میں کل پونچھ ضلع کے Buffliaz علاقے کے Marah گاؤں میں دہشت گردوں اور مسلح افواج کے درمیان گولی باری کا ایک مختصرواقعہ پیش آیا۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ گزشتہ رات مسلح افواج کو علاقے میں کچھ دہشت گردوں کے ہونے کی ایک خفیہ اطلاع ملی تھی۔ پولیس اور فوج نے پونچھ ضلع کے سب ڈویژن سورن کوٹ میں Buffliazعلاقے کے Marah گاؤں میں Dehra کی گلی کے نزدیک ایک تلاشی مہم چلائی ۔ جب ٹیم نے تلاشی مہم تیز کردی تو دہشت گردوں نے مسلح افواج پر فائرنگ شروع کردی اور دونوں طرف سے فائرنگ ہونے لگی۔ فائرنگ کے کچھ دیر بعد دہشت گرد اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جائے وقوع سے فرار ہوگئے۔ تاہم فرار دہشت گردوں کو پکڑنے کے لئے بڑے پیمانے پرتلاشی کی کارروائی کی جارہی ہے۔ مزید تفصیل کا انتظار ہے۔××

☆☆☆☆☆